# 34904 ـ ضرورت کی خاطر تصویر جائز ہے

**سوال**

کیا کچھ حالات ایسے بھی ہیں جن میں تصویر اور نقش کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ذی روح کی تصویر یا کرید کر شکل بنانی ہر وقت اور مطلقا حرام ہے، لیکن جس کی ضرورت و حاجت پیش آ جائے مثلا پاسپورٹ یا شناختی کارڈ بنانے کے لیے، یا پھر مشبوہ قسم کے افراد کی پہچان کے لیے، یا پھر امتحان، یا ملازمت کی تعیین وغیرہ جس سے دھوکہ اور فراڈ ختم کرنا مقصود ہو، یا جس سے امن و امان کی حفاظت ہو تو اس میں بھی بقدر ضرورت ہی اجازت دی جائیگی " انتہی.